**12.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... شبانہ رحمان

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گذشتہ گیارہ سال کے دوران ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ترقی میں تعاون کیلئے بھارت کے نوجوان جدت طرازوں کی ستائش کی ہے۔

☆ زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وِکست کرشی سنکلپ ابھیان نے سائنسی تحقیق اور نچلی سطح پر زراعت کے درمیان خلیج کو کامیابی کے ساتھ پُر کیا ہے۔

☆ IMD نے دلّی اور پنجاب کے کچھ حصوں میں لُو سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اُس نے آج کرناٹک کے کئی ضلعوں میں دور دور تک بارش سے متعلق بھی ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ امریکہ نے مغربی ایشیا سے غیر ضروری اسٹاف کو واپس بلا لیا ہے کیونکہ خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

☆ اور FIH ہاکی پرو لیگ میں آج شام نیدر لینڈس میں بھارت کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-TECHNOLOGY**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے نوجوان اختراع کاروں کے تکنیکی ترقی میں اہم کردار کی ستائش کی ہے، جس سے ملک کو خودکفیل بنانے کی سمت گامزن ہونے میں مدد ملی ہے۔ ڈیجیٹل انڈیا نے گزشتہ 11 برسوں میں نوجوانوں کو اختراعات اپنانے اور بھارت کی عالمی ٹیکنالوجی کی طاقت کے طور پر پوزیشن کو مستحکم کرنے میں بااختیار بنایا ہے۔

My Gov India کے ذریعہ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ٹیکنالوجی نے عوام کو بے شمار فائدے پہنچائے ہیں۔ ڈیجیٹل انڈیا اقدام نے ٹیکنالوجی کو لوگوں کو بااختیار بنانے، مواقع فراہم کرنے اور ہر شہری کیلئے حکمرانی کو زیادہ شفاف اور قابل رسائی بنانے کا ذریعہ بنادیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خدمات کی فراہمی اور شفافیت میں زبردست اضافہ ہوا ہے اور ٹیکنالوجی غریب سے غریب تر لوگوں کی زندگیوں میں بہتری کا وسیلہ بن گئی ہے۔ دیہی علاقوں

میں انٹرنیٹ کی رسائی، بَروقت میں ڈیجیٹل ادائیگیاں اور ٹیکنالوجی کے ذریعہ طاقت حاصل کرنا دنیا میں تبدیلی کا سبب بن رہا ہے۔ یہ 11 برس بھارت کے شمولیت والی ترقی، اختراع اور ڈیجیٹل پاور ہاؤس کے طور پر اُبھرنے کی ایک داستان ہے۔×

**JAISHANKAR**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ اس سال کے آخر تک عملی شکل اختیار کر لے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ، یوروپی یونین کے ساتھ اپنے تعلقات کو اوّلین ترجیح دیتا ہے، جس میں آزاد تجارت سے متعلق سمجھوتے کے مذاکرات کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور اس میں اچھی پیشرفت ہو رہی ہے۔

برسلز میں جرمن مارشل فنڈ فورم میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ اس ہفتے یوروپی یونین کے عہدیداروں کے ساتھ، اُن کی جو تفصیلی بات چیت ہوئی ہے، اُسے دیکھتے ہوئے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ مکمل ہونے کیلئے اِس سال کے اواخر تک کی جو مدت طے کی گئی ہے، وہ قابلِ عمل نظر آتی ہے۔ انہوں نے دو طرفہ تعلقات کی مضبوطی کو بھی اجاگر کیا، جو تجارت سے آگے بڑھ کر دفاع اور سلامتی، نقل و حمل، ذہانت اور تعلیم کے تبادلے کا احاطہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور چین کی طاقت میں اضافہ ہوا ہے اور یہ دونوں ممالک ایک دوسرے کے پڑوسی بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی معاملات کے علاوہ تجارتی اور اقتصادی معاملات بھی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں تصفیہ طلب سرحدی تنازعات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ روس - یوکرین تنازعے کے بارے میں جناب جے شنکر نے بھارت کے اِس موقف کو اجاگر کیا کہ وہ اختلافات کو دور کرنے کیلئے بات چیت کئے جانے کے حق میں ہے۔ x

**FINANCE MDR**

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ یہ قیاس آرائی اور دعوے پوری طرح غلط، بے بنیاد اور گمراہ کُن ہیں کہ UPI لین دین پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ MDR عائد کیا جائے گا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس طرح کی بے بنیاد اور سنسنی پیدا کرنے والی قیاس آرائیوں سے لوگوں میں بلا وجہ غیر یقینی، خوف اور شک و شبہے کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ سرکار UPI کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں کو بڑھاوا دینے کے تئیں پوری طرح پابندِ عہد ہے۔×

**VIKSIT KRISHI SANKALP**

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان سے سائنسی تحقیق اور سب سے نچلی سطح پر زراعت کے درمیان خلیج کو کامیابی کے ساتھ دور کردیا گیا ہے اور اس طرح زیادہ پائیدار، منافع بخش اور برآمدات کیلئے

سازگار زرعی شعبے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے اختتام کے موقع پر گجرات کے Bardoli میں کسانوں کی کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے زرعی شعبے میں بڑی تبدیلی کیلئے مرکزی سرکار کے خاکے کو اجاگر کیا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے دلّی اور پنجاب کے حصوں میں شدید گرمی کے تعلق سے ایک ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور پنجاب کے زیادہ تر حصوں میں اس مہینے کی 14 تاریخ تک شدید گرمی کی صورتحال برقرار رہے گی۔ IMD نے کہا کہ راجستھان اور اترپردیش کے حصوں میں بھی آج شدید گرمی رہنے کا امکان ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں نریش کمار نے کہا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران، ان مقامات پر شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے بعد صورتحال میں کچھ بہتری ہونے کا امکان ہے۔×

**RAJASTHAN-WEATHER**

راجستھان میں شدید گرمی کی لہر نے، اس سیزن کے سبھی ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ سری گنگانگر میں کُل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 48 ڈگری سیلسیس تک ریکارڈ کیا گیا۔ 7 شہروں میں دن کا درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس کو پار کر گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Jitendra Dwivedi

*فلودی، چورو، چتور گڑھ، ونستھلی، دوسہ، کوٹا اور بیکانیر میں دن کا درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ زیادہ تر مقامات پر درجہ حرارت 42 سے 44 ڈگری سیلسیس کے درمیان ہے۔ جے پور میں پارہ 44 اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا ہے۔ کئی علاقوں میں لو جیسے حالات نہ صرف دن میں بلکہ رات میں بھی ہیں۔ جھلسا دینے والی گرمی سے معمول کی زندگی بے حد متاثر ہوئی ہے۔ عوام دن کے وقت گھروں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ انتظامیہ نے شدید گرمی سے لوگوں کو محفوظ رکھنے کیلیے مختلف انتظامات کئے ہیں۔ اسپتالوں میں لو لگنے والے مریضوں کیلیے بستر ریزرو رکھے گئے ہیں۔*

*جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ......*

IMD نے آج کرناٹک کے کئی ضلعوں میں دور دور تک بارش سے متعلق ریڈ الرٹ بھی جاری کیا ہے۔×

**PUNJAB HEATWAVE**

اس دوران پنجاب میں موسمیات کے محکمے نے کئی مقامات پر آج اور کل کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ لوگ پچھلے چار سے پانچ روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کے ساتھ جھلسا دینے والی گرمی سے دوچار ہیں، جہاں درجہ حرارت 40 سے 45 ڈگری سیلسیس کے درمیان ہے۔ بھٹنڈہ اور امرتسر 45 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت کے ساتھ کل سب سے گرم ترین مقام رہے۔ فرید کوٹ، فاضلکا اور گرداس پور میں درجہ حرارت 44 ڈگری سیلسیس سے زیادہ درج کیا گیا۔×

**SPECIAL FEATUR-11 YEARS OF GOVT**

بھارت میں ایک دہائی کے دوران شاندار تبدیلی رونما ہوئی ہے اور اسے سیوا، سوشاسن اور غریب کلیان کے اصولوں سے تحریک ملی ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ مختلف اہم شعبوں میں پچھلے گیارہ سال کے دوران حکومت کی کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔ آج ہم ڈیجیٹل انڈیا پر توجہ مرکوز کررہے ہیں کہ ٹیکنالوجی کس طرح حکمرانی ، سب کی شمولیت اور تفویضِ اختیارات کی ریڑھ کی ہڈی بن گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ... VC - Vishnu

*گذشتہ ایک دہائی کے دوران حکومت نے سب کی شمولیت والی ترقی اور زندگی کو آسان بنانے کیلیے ایک قوت کے طور پر ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا ہے اور بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل ادائیگی کا طریقہ کار اپنایا گیا ہے۔ صرف اپریل 2025 میں ہی تقریباً 25 لاکھ کروڑ روپے مالیت کے ایک ہزار 867 کروڑ سے زیادہ UPI لین دین کیے گئے۔ متحدہ عرب امارات، سنگاپور ، بھوٹان ، نیپال ، سری لنکا ، فرانس اور ماریشس سمیت سات ملکوں میں بھارت نے UPI کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی کے معاملے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دو لاکھ 18 ہزار سے زیادہ گرام پنچایتوں میں بھارت نیٹ اسکیم کے تحت براڈ بینڈ کی رسائی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، بھارت میں انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد میں گذشتہ 11 برس میں 285 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ فائدوں کی براہ راست منتقلی کے نظام کے ذریعے لاکھوں فرضی افراد کو ہٹایا گیا ہے اور شفافیت ، سرکاری فنڈ کی بچت اور بروقت فلاحی کاموں کی انجام دہی کو یقینی بنایا گیا ہے۔*

*دلّی سے Vishnu کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں............*

**US-TROOPS**

امریکہ نے بڑھتی ہوئی علاقائی کشیدگی کی وجہ سے مغربی ایشیاء میں کئی مقامات سے غیر ضروری عملے کے اہلکاروں کو واپس

بلانا شروع کردیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے یہ جانکاری دی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ان اہلکاروں کو اس لئے باہر لایا جارہا ہے کیونکہ یہ خطہ ایک خطرناک مقام بن سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ہمارے اہلکاروں اور اُن کے ارکان خاندان کی سلامتی اور حفاظت امریکی سرکار کی اولین ترجیح ہے۔ اس احتیاطی قدم سے مغربی ایشیاء میں عدم استحکام کے تعلق سے بڑھتی ہوئی تشویش اجاگر ہوتی ہے۔×

**BJP-TAGORE**

BJP نے بنگلہ دیش میں رابندر ناتھ ٹیگور کے آبائی گھر پر حملے کے واقعے کی مذمت کی ہے اور اِسے تشدد کی منصوبہ بند حرکت قرار دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے پارٹی کی ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ گرودیو رابندرناتھ ٹیگور کوئی معمولی شخص نہیں تھے، بلکہ دنیا میں وہ ایک نامور شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات ناقابل قبول ہے کہ اس طرح کے ایک بین الاقوامی میوزیم کو تحفظ فراہم نہیں کیا گیا۔×

**YOGI-EARLY**

اس مہینے کی 21 تاریخ کو یوگ کے بین الاقوامی دن کے موقع پر یوگ کے معمول کے پروٹوکول پر مبنی ایک لاکھ سے زیادہ یوگ تقریبات صبح ساڑھے چھ بجے سے 7 بج کر 40 منٹ تک ایک ساتھ منعقد کی جائیں گی۔ اس سال کا موضوع ہے ’’ایک کرۂ ارض، ایک صحت‘‘۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کہا کہ اہم تقریب آندھرا پردیش میں وشاکھاپٹنم میں منعقد کی جائے گی، جس میں وزیراعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔ دلّی میں یوگ کا دن، لال قلعہ، کرتویہ پتھ اور لودھی گارڈن جیسے اہمیت کے حامل مقامات سمیت 111 مقامات پر منعقد کیا جائے گا۔×

**EXERCISE SHAKTI**

بھارت اور فرانس کے درمیان ہونے والی مشترکہ فوجی مشق Exercise Shakti-2025 کا آٹھواں ایڈیشن فرانس میں La Cavalerie کے مقام پر 18 جون سے یکم جولائی تک منعقد ہو گا۔ ان مشقوں کا مقصد دونوں ملکوں کی مشترکہ فوجی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے، جس سے ایک غیر روایتی منظر نامے میں کثیر شعبہ جاتی کارروائیاں انجام دی جاسکیں۔ بھارتی فوج نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہاہے کہ یہ مشترکہ مشقیں دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان فوجی نظام میں بڑھتے اشتراک اور دوستانہ تعلقات میں سہولت فراہم کریں گی۔×

**RAILWAY TATKAL**

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے صرف وہی لوگ IRCTC کی ویب سائٹ اور ایپ سے آن لائن تتکال ٹکٹ بُک کرا سکیں گے، جنہوں نے آدھار کے ساتھ اپنے اکاؤنٹ کو منسلک کرا لیا ہے۔ منصفانہ اور شفاف طریقے سے تتکال ٹکٹ حاصل کرنے اور مسافروں کے مفاد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

شروع کے اہم اوقات کے دوران ایک ساتھ کئی بُکنگ کی روک تھام کی خاطر بھارتی ریلویز کے مجاز Ticketing ایجنٹس کو بکنگ شروع ہونے کے پہلے 30 منٹ کے دوران پہلے دن کے تتکال ٹکٹ بُک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔×

**PIYUSH GOYAL SWEDEN**

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہاہے کہ بھارت-سویڈن شراکت داری اس بات کا ماڈل ہے کہ کیسے دو مختلف معیشتیں، مشترکہ ویژن اور امداد باہمی کے ذریعے ایک دوسرے کے اشتراک کے ساتھ مستفید ہوسکتی ہیں۔ وہ کل سویڈن میں بھارت-سویڈن اعلیٰ سطحی تجارت اور سرمایہ کاری پالیسی Fourm کے دوران Confederation of Swedish Enterprises سے خطاب کررہے تھے اور سویڈن اور بھارت کے تجارت سے متعلق سرکردہ رہنماؤں سے بات چیت کررہے تھے۔

وزیر موصوف نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ مجوزہ بھارت- یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے کے تعلق سے ایک مشترکہ دستاویز میں، جس کا اجراء تقریب کے دوران کیا گیا، مضبوط معاشی رشتوں اور شمولیت والی ترقی کو فروغ دینے کے بھارت کے اجتماعی عہد کو اجاگر کیاگیاہے۔ جناب گوئل نے دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک کے وسیع امکانات کو بھی اجاگر کیا۔×

**FM-DBT & TRANSACTIONS**

وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا ہے کہ محض ایک دہائی میں فائدوں کی براہ راست منتقلی میں 90 گنا سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ 2014 میں یہ سات ہزار کروڑ تھی ، جو گذشتہ مالی سال میں بڑھ کر چھ اعشاریہ آٹھ تین لاکھ کروڑ ہوگئی۔ ایک دوسری پوسٹ میں وزیرِ موصوف نے کہا کہ بھارت لین دین اور ادائیگی کے معاملے میں بھی آگے ہے کیونکہ 2024-25 میں 260 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کے لین دین کے معاملوں کو نمٹایا گیا ۔

**HOCKEY-FIH PRO LEAGUE**

FIH ہاکی پرولیگ میں بھارتی مردوں کی ٹیم آج شام نیدرلینڈس میں Amstelveen کے Wagenes ہاکی اسٹیڈیم میں ارجنٹینا سے کھیلے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے 6 بجے شروع ہوگا۔ بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے

اور اس کے پاس 11 گیمز سے 15 پوائنٹس ہیں۔ اس سے پہلے کل دونوں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ ہوا تھا، جس میں بھارت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے باوجود تین چار سے ہار گیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆